© rasailojaraid.com



کو شامل کیا گیا ہے۔ پانچویں اور چھٹے حصّے میں ہاشمی صاحب کے سوانحی حالات اور ادبی سرگرمیوں اور تحقیقی کارناموں کا مختصراً ذکر کیا گیا ہے۔ نیز ان کی علمی دل چسپیوں کی مناسبت سے (اقبالیات، مودودیات، اسلام، اُردو تحقیق وتنقید، تاریخ پر ۲۵ مقالات شاملِ اشاعت ہیں۔ ارمغان کی روایت یہی ہے۔ یہ مقالات چار زبانوں (اُردو، انگریزی، ترکی، فارسی) میں ہیں۔ لکھنے والوں میں پاکستان، بھارت، ایران اور ترکی اور جاپان کے نام وَر اساتذہ شامل ہیں۔ یاد رہے کہ ان کی زیرنگرانی پی ایچ ڈی اور ایم فل کے ۳۰ سے زائد اور ایم اے کے ۴۴ سے زائد تحقیقی مقالات لکھے گئے ہیں۔

یہ کتاب کئی حوالوں سے اُردو میں ارمغانِ علمی کی روایت میں قابلِ قدر اضافہ ہے۔ ہاشمی صاحب مزاجاً کم آمیز، شہرت سے گریز پا، گوشہ نشین اور کام میں مگن آدمی ہیں۔ ان کے بہت سے اور باصلاحیت شاگردان موجود ہیں (ڈاکٹر عطش درانی، ڈاکٹر محمد ایوب صابر، ڈاکٹر عبدالعزیز ساحر، ڈاکٹر راشد حمید، ڈاکٹر زاہد منیر عامر، ڈاکٹر اختر النساء، ڈاکٹر اشفاق احمد ورک، ڈاکٹر ارشد محمود خان اور ڈاکٹر ہارون الرشید تبسم وغیرہ) لیکن یہ سعادت ڈاکٹر خالد ندیم کے حصّے میں آئی اور انھوں نے محبت، محنت اور جاں کاہی سے یہ فریضہ بخوبی نبھایا ہے۔ (عبداللہ شاہ ہاشمی)

## تعارف کتب

◉ **استقبالِ رمضان**، ترتیب وتالیف: پروفیسر ڈاکٹر محمد مجیب اللہ شیخ منصوری۔ ناشر: مکتبہ المستجاب، رحمٰن ٹاؤن، پھلیلی، حیدرآباد۔ فون: ۲۷۵۸۹۹۷-۰۳۳۳۔ صفحات: ۱۸۵۔ ہدیہ: ۱۲۰ روپے۔ [نبی اکرمؐ رمضان کی آمد کے موقعے پر اس ماہِ مبارک کی عظمت، اہمیت، فضائل اور برکات سے آگاہ کرنے کے لیے مختصر اور طویل خطبے ارشاد فرماتے تھے۔ ان میں جامع خطبہ حضرت سلمان فارسیؓ نے روایت کیا ہے۔ استقبالِ رمضان اس جامع خطبے کا مفصل بیان ہے۔ رمضان کی فضیلت، مقصد، حکمت، تزکیہ وتربیت، حصولِ تقویٰ، قیامِ لیل، نمازِ تراویح اور دیگر پہلوؤں کو قرآن وحدیث کی روشنی میں جامعیت اور اختصار سے بیان کیا ہے۔ رمضان میں نبی اکرمؐ کے معمولات کا تذکرہ بھی ہے اور روزوں کے مسائل بھی بیان کیے گئے ہیں۔]

◉ **ماہنامہ سوچنے کی باتیں**، مدیر: انوار احمد۔ ملنے کا پتا: ۸ شیخ سٹریٹ نمبر۶۸، اسلام پورہ، لاہور۔ فون: ۳۷۱۵۸۷۵۲-۰۴۲۔ ای میل: huroofgf@gmail.com، قیمت: بلامعاوضہ۔ [یہ مجلّہ حلقہ مطالعہ اسلام کے تحت شائع ہوتا ہے۔ مولانا مودودی اور دیگر اکابر تحریک اسلامی کی رہنما تحریروں کے علاوہ دین کی بنیادی تعلیمات، تزکیہ وتربیت، مغرب اور اسلام کے درمیان کش مکش جیسے موضوعات پر تحریریں شائع کی جاتی ہیں۔ اشاعتِ دین اور شہادتِ حق کا فریضہ ادا کرنے کے لیے بلامعاوضہ ارسال کیا جاتا ہے۔]

© rasailojaraid.com